Estd. 1860

Murree Brewery Company Limited

مری بروری کمپنی لمیٹڈ

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (4)159 کے تحت نوٹس

بذریعہ ہذانوٹس مری بروری کمپنی لمیٹڈ کے ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3) 159 کے تحت درج ذیل افراد نے بروز بدھ، بتاریخ 22 جولائی، 2026ء بوقت صبح 10:00 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس 3۔ نیشنل پارک روڈ، راولپنڈی میں منعقد ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام میں خود کو ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے بطور امیدوار پیش کرنے کے ارادے کے نوٹس جمع کرائے ہیں:

1. چوہدری معین افضل
2. جناب اسفنیار ایم بھنڈارا
3. جناب عامر حسین شیرازی
4. محترمہ گوشی ایم بھنڈارا
5. جناب پرویز اختر
6. محترمہ خالدہ حبیب
7. خواجہ امان اللہ عسکری
8. جناب زین اسفنیار بھنڈارا
9. جناب محمد احمد

چونکہ انتخاب کے لئے خود کو پیش کرنے والے افراد کی تعداد کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159(1) کے تحت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی مقرر کردہ تعداد یعنی آٹھ (08) سے زیادہ ہے لہذا ڈائریکٹرز کے انتخابات کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام میں کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 کی دفعات اور اس کے تحت کسی بھی دیگر قواعد وضوابط کے مطابق منعقد کیے جائیں گے۔ مذکورہ بالا امیدواروں کی پروفائلز کمپنی کی ویب سائٹ www.murreebrewery.com پر شائع کر دی گئی ہیں۔

بحکم بورڈ

چوہدری وقار اے کاہلوں
کمپنی سیکریٹری

راولپنڈی
14 جولائی 2026ء

نوٹ:

I. اسکروٹنائزرز کی تقرری:

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے ضابطہ نمبر 11 کے مطابق، کمپنی نے میسرز KPMG تاثیر ہادی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، ایک QCR ریٹڈ آڈٹ فرم کو کمپنی کے ڈائریکٹرز کے انتخابات کے لیے اسکروٹنائزر کے طور پر مقرر کیا ہے جو ضابطہ نمبر 198 میں بیان کردہ دیگر ذمہ داریاں انجام دے گی۔

II. ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے پوسٹل بیلٹ ووٹنگ اور ای ووٹنگ کا طریقہ کار:

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) کے قواعد 2018 (وقتاً فوقتاً ترمیم شدہ) کے مطابق کمپنی کے شیئر ہولڈرز کو غیر معمولی اجلاس عام منعقدہ بروز بدھ 22 جولائی 2026 صبح 10:00 بجے، 3-نیشنل پارک روڈ، راولپنڈی میں ای۔ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔

1. ہر شیئر ہولڈر (شیئر ہولڈرز) کے پاس ووٹوں کی تعداد اتنی ہونی چاہیے جو کہ اس کے پاس موجود ووٹنگ شیئرز کی تعداد اور منتخب ہونے والے ڈائریکٹرز کی تعداد کے برابر ہو۔
2. ایک شیئر ہولڈر/پراکسی ہولڈر اپنے تمام ووٹ کسی ایک امیدوار کو دے سکتا/سکتی ہے یا نہیں ایک سے زیادہ امیدواروں کے درمیان اس طرح تقسیم کر سکتا/سکتی ہے جسے وہ منتخب کرنا چاہے۔ تاہم، ڈالے گئے ووٹوں کی تعداد شیئر ہولڈر کے لیے دستیاب ووٹوں کی تعداد سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔
3. اگر کوئی شیئر ہولڈر دستیاب ووٹوں کی تعداد سے زیادہ ووٹ دیتا/دیتی ہے تو ساری ووٹوں کو مسترد تصور کیا جائے گا اور ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد کے لیے شمار نہیں کیا جائے گا۔

Estd. 1860

Murree Brewery Company Limited

A. پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کا طریقہ کار:

1. درست طریقے پر بھرے ہوئے پوسٹل بیلٹ کو چیئرمین مری بروری کمپنی لمیٹڈ، 3-نیشنل پارک روڈ، راولپنڈی کو بھیجا جائے، یا بیلٹ پیپر secretary@murreebrewery.com پر بھیجا جائے۔
2. پوسٹل بیلٹ پیپر کے ساتھ CNIC کی کاپی منسلک ہونی چاہیے۔
3. پوسٹل بیلٹ پیپر 21 جولائی 2026 بروز منگل (پوسٹل بیلٹ وصول کرنے کی آخری تاریخ) کو یا اس سے قبل اجلاس کے چیئرمین تک، کاروباری اوقات کے دوران شام 5 بجے تک یا secretary@murreebrewery.com پر ای میل کے ذریعے پہنچنا چاہیے۔ اس تاریخ اور وقت کے بعد موصول ہونے والا کوئی بھی پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے لیے زیر غور نہیں آئے گا۔
4. پوسٹل بیلٹ پر دستخط CNIC پر دستخط کے ساتھ ملنا چاہئے۔
5. نامکمل، بغیر دستخط، غلط، خراب، پھٹے، مسخ شدہ، اوور رائٹ شدہ بیلٹ پیپر کو مسترد کر دیا جائے گا۔
6. ووٹنگ پر کسی تنازعہ کی صورت میں اجلاس کے چیئرمین کو شیئر رجسٹرار اور مقرر کردہ اسکروٹنائزر کے ساتھ مشاورت کی بنیاد پر کسی بھی معاملے کا فیصلہ کرنے کا حتمی اختیار ہوگا۔
7. باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن یا وفاقی حکومت کا نمائندہ ہونے کی صورت میں، بیلٹ پیپر کے ساتھ مجاز شخص کے شناختی کارڈ کی کاپی کے ساتھ، بورڈ ریزولوشن، پاور آف اٹارنی، اتھارٹی لیٹر وغیرہ کی تصدیق شدہ کاپی ہونا ضروری ہے، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشنز 138 یا 139 کے مطابق، غیر ملکی باڈی کارپوریٹ وغیرہ کی صورت میں تمام دستاویزات قونصل جنرل آف پاکستان سے تصدیق شدہ ہونی چاہیں جن کا دائرہ اختیار ممبر پر ہو۔
8. بیلٹ پیپر فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.murreebrewery.com پر بھی دستیاب ہے۔
9. اراکین ویب سائٹ سے بیلٹ پیپر ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا اخبارات میں شائع ہونے والی اصل/فوٹو کاپی استعمال کر سکتے ہیں۔

B. ای ووٹنگ کا طریقہ کار:

1. ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے ذریعے کمپنی کے ان ممبروں کو ایک ای میل کے ذریعے فراہم کی جائیں گی جن کے درست CNIC نمبر، موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں کاروباری اوقات کے اختتام یعنی 15 جولائی 2026 بروز بدھ تک دستیاب ہونگے۔
2. ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات اور پاس ورڈ، اراکین کو ای میل کے ذریعے فراہم کیے جائیں گے۔ سیکورٹی کوڈ سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے ویب پورٹل (ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ ہونے کے ناطے) سے ایس ایم ایس کے ذریعے اراکین کو بتائے جائیں گے۔
3. ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے اراکین کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کی توثیق کے ذریعے کی جائے گی۔

ای ووٹنگ لائنیں بروز جمعہ، 17 جولائی 2026 سے شروع ہوں گی اور بروز منگل، 21 جولائی 2026 کو شام 5:00 بجے بند ہوں گی۔ ممبران اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک بار جب اراکین نے ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے ووٹ ڈال دیا تو انہیں بعد میں اپنے ڈالے گئے ووٹ میں تبدیلی کی اجازت نہیں ہوگی۔

<u>نوٹ: نوٹس کے اردو اور انگریزی اشتہارات کی عبارت میں کسی تضاد کی صورت میں انگریزی اشتہار کی عبارت کو درست تصور کیا جائے۔</u>